# آسان عمرہ تحریک 313

## مکمل شرائط وضوابط و حلفیہ اقرار

تمام معزز ممبران سے گزارش ہے کہ آسان عمرہ تحریک 313 میں شمولیت سے قبل درج ذیل تمام شرائط وضوابط کو مکمل طور پر پڑھیں اور سمجھیں۔ پروگرام میں رجسٹریشن کروانے کا مطلب ان تمام شرائط وضوابط کو قبول کرنا ہوگا۔

---

## 1۔ پروگرام کی مدت

- آسان عمرہ تحریک 313 کا پروگرام 3 سال یعنی 36 ماہ پر مشتمل ہوگا۔
- ہر ممبر کو ہر ماہ مقررہ تاریخ تک قسط جمع کروانا ہوگی۔
- ماہانہ قسط 6,600 روپے مقرر کی گئی ہے۔
- 36 ماہ میں ممبر کی کل جمع شدہ رقم 2,37,600 روپے ہوگی۔

---

## 2۔ ماہانہ قسط جمع کروانے کی تاریخ

- ہر ممبر کو ہر ماہ کی 10 تاریخ تک 6,600 روپے کی مقررہ قسط جمع کروانا لازمی ہوگی۔
- ادائیگی کی رسید یا تصدیق ممبر کے ریکارڈ میں محفوظ کی جائے گی۔

اگر کوئی ممبر مقررہ وقت پر اپنی ماہانہ قسط جمع نہیں کرواتا تو اس ماہ کی قرعہ اندازی میں اس ممبر کا نام شامل نہیں کیا جائے گا

---

## 3۔ ہر ماہ قرعہ اندازی

- ہر ماہ 5 سے 8 ممبران کے درمیان قرعہ اندازی کی جائے گی۔
- قرعہ اندازی میں شامل ہونے کے لیے متعلقہ ماہ کی قسط مقررہ وقت پر جمع ہونا ضروری ہوگا۔

---

## 4۔ قرعہ اندازی میں نام نکلنے کی صورت میں

اگر کسی ممبر کا نام قرعہ اندازی میں نکل آئے تو وہ درج ذیل میں سے کوئی ایک آپشن منتخب کر سکتا/سکتی ہے۔

- خود عمرہ کے لیے جائے۔
- 2,37,000 روپے ایک مشت وصول کرے۔
- اپنی جگہ خاندان یا کسی دوسرے شخص کو عمرہ کے لیے بھیجے۔
- کسی دوسرے ممبر کے ساتھ باہمی رضامندی سے اپنی باری تبدیل کرے۔
- کسی بھی آپشن کے انتخاب کی صورت میں انتظامیہ کو بروقت اطلاع دینا اور ریکارڈ میں تبدیلی کروانا ضروری ہو گا۔

---

## 5۔ عمرہ کرنے کے بعد بھی اقساط جاری رکھنا۔

جس ممبر کا نام قرعہ اندازی میں نکل جائے اور وہ عمرہ ادا کر لے، وہ پروگرام سے فارغ نہیں ہو گا۔

عمرہ کرنے کے بعد بھی ممبر اپنی باقی ماندہ ماہانہ اقساط مقررہ وقت پر جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

یعنی عمرہ حاصل کرنے کے بعد بھی 3 سالہ پروگرام کی باقی مدت کی تمام اقساط باقاعدگی سے ادا کرنا ضروری ہو گا۔

---

## 6۔ کسی مجبوری کی وجہ سے پروگرام جاری نہ رکھ سکنے کی صورت

اگر کوئی ممبر کسی مجبوری کی وجہ سے آسان عمرہ تحریک 313 جاری نہیں رکھ سکتا/سکتی تو اسے اپنی جگہ ایک دوسرا متبادل ممبر شامل کرنا ہو گا۔

- متبادل ممبر کا اندراج پروگرام کی انتظامیہ کی منظوری سے ہو گا۔
- اصل ممبر اور متبادل ممبر کے درمیان باہمی معاملات کی ذمہ داری متعلقہ فریقین کی ہو گی۔
- متبادل ممبر شامل کرنے کے لیے انتظامیہ کو بروقت اطلاع دینا ضروری ہو گا۔

جمع شدہ رقم کی واپسی

اگر کوئی ممبر کسی مجبوری کی وجہ سے پروگرام جاری نہیں رکھ سکتا/سکتی اور مقررہ شرائط کے مطابق متبادل ممبر بھی شامل نہیں کیا جاتا تو اس کی جمع شدہ رقم آسان عمرہ تحریک 313 کے اختتام پر واپس کی جائے گی۔

## 7۔ عمرہ پیکیج کی مدت

آسان عمرہ تحریک 313 کے تحت عمرہ پیکیج کی مدت 21 دن ہو گی۔

## 8۔ عمرہ پیکیج میں شامل سہولیات

عمرہ پیکیج میں درج ذیل بنیادی سہولیات شامل ہوں گی:

- عمرہ ویزا
- فلائٹ
- مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں رہائش
- ٹرانسپورٹ
- ہوٹل: شٹل اور شئیرنگ،

## 9۔ پیکیج میں شامل نہ ہونے والے اخراجات

درج ذیل اخراجات عمرہ پیکیج میں شامل نہیں ہوں گے:

- ذاتی اخراجات
- ذاتی خریداری
- ذاتی کھانا اور مشروبات
- ذاتی ادویات اور علاج
- ذاتی فون کالز اور انٹرنیٹ
- اضافی سامان کے اخراجات
- پیکیج سے باہر کسی اضافی سروس کے اخراجات۔

---

## 10۔ عمرہ پیکیج کی قیمت میں ممکنہ اضافہ

عمرہ کے وقت پیکیج کی مارکیٹ قیمت میں کمی یا اضافہ ممکن ہے۔

آسان عمرہ تحریک 313 کی طرف سے فی ممبر 2,37,000 روپے تک پیکیج کی بنیادی رقم مقرر کی گئی ہے۔

اگر عمرہ کے وقت پیکیج کی قیمت معمول کے مطابق بڑھ جاتی ہے اور 2,37,000 روپے سے زیادہ لیکن زیادہ سے زیادہ 15,000 روپے تک اضافی اضافہ ہوتا ہے تو یہ اضافی رقم بھی آسان عمرہ تحریک 313 کی طرف سے برداشت کی جائے گی۔

یعنی : 2, 37,000 + 15,000 = 2, 52,000 روپے تک

پیکیج کی رقم آسان عمرہ تحریک 313 کی طرف سے برداشت کی جائے گی۔

مثال:

- پیکیج کی قیمت 2,37,000 روپے ← مکمل رقم تحریک کی طرف سے۔
- پیکیج کی قیمت 2,45,000 روپے ← اضافی 8,000 روپے بھی تحریک کی طرف سے۔
- پیکیج کی قیمت 2,52,000 روپے ← مکمل رقم تحریک کی طرف سے۔
- پیکیج کی قیمت 2,60,000 روپے ← 2,52,000 روپے تحریک کی طرف سے، جبکہ 8,000 روپے ممبر خود ادا کرے گا۔

یعنی 2,52,000 روپے سے زائد تمام اضافی رقم متعلقہ ممبر کو اپنی طرف سے ادا کرنا ہو گی۔

## 11۔ویزااور سفری دستاویزات

- ویزا سعودی عرب کے متعلقہ حکام اور قوانین کے مطابق جاری ہو گا۔
- ممبر کو درست اور مکمل معلومات اور ضروری دستاویزات فراہم کرنا ہوں گی۔
- غلط یانامکمل معلومات کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل کی ذمہ داری متعلقہ ممبر پر ہو گی۔
- پاسپورٹ، ٹکٹ، شناختی دستاویزات اور ذاتی سامان کی حفاظت ممبر کی اپنی ذمہ داری ہو گی۔

---

## 12۔پروازاور سفری شیڈول

- سفر براہِ راست پرواز کے ذریعے ہو گا، بشرطیکہ مقررہ وقت پر مطلوبہ پرواز دستیاب ہو۔
- ایئرلائن کی جانب سے پرواز کے اوقات میں تبدیلی، تاخیر یا منسوخی کی صورت میں ایئرلائن کی متعلقہ پالیسی لاگو ہو گی۔
- حکومتی ہدایات، ایئرلائن، موسم، سیکیورٹی یا دیگر ناگزیر حالات کی وجہ سے سفری پروگرام میں تبدیلی ممکن ہے۔

---

## 13۔ہوٹل اور رہائش

- رہائش مقررہ یا انتظامیہ کی جانب سے فراہم کردہ مناسب متبادل ہوٹل میں ہو گی۔
- ہوٹل کی دستیابی یا دیگر ناگزیر حالات کی وجہ سے ہوٹل میں تبدیلی ممکن ہے۔
- ذاتی پسند سے اضافی سہولت یا مہنگا کمرہ لینے کی صورت میں اضافی اخراجات ممبر خود برداشت کرے گا۔

---

## 14۔ منسوخی اور رقم کی واپسی

- ویزا، ٹکٹ، ہوٹل یا دیگر سروسز کی بکنگ کے بعد منسوخی کی صورت میں متعلقہ ادارے کی Cancellation/Refund Policy لاگو ہوگی۔
- اگر عمرہ کی تیاری مکمل ہونے کے بعد سعودی حکام، ایئرپورٹ یا کسی قانونی/دستاویزی مسئلے کی وجہ سے ممبر سفر نہ کرسکے تو اس کی ذمہ داری ممبر کی اپنی ہوگی۔
- ممبر کی غلط معلومات، نامکمل دستاویزات یا ذاتی وجوہات سے ہونے والے نقصان کی ذمہ داری بھی ممبر پر ہوگی۔
- ایسی صورت میں ہونے والی کٹوتی یا نا قابلِ واپسی رقم انتظامیہ کی ذمہ داری نہیں ہوگی

---

## 15۔ اہم حتمی وضاحت

آسان عمرہ تحریک 313 میں شمولیت سے قبل تمام شرائط و ضوابط کو پڑھنا اور سمجھنا لازمی ہے۔

ممبر کو پروگرام میں شمولیت سے پہلے ماہانہ قسط، قرعہ اندازی، عمرہ کی لازمی شرط، متبادل ممبر، پیکیج میں شامل اور غیر شامل سہولیات، پیکیج کی قیمت اور ممکنہ اضافی اخراجات سمیت تمام اہم شرائط سے آگاہ کیا جائے گا۔

ممبر کی رجسٹریشن، شرائط کی منظوری اور ماہانہ قسط کی ادائیگی اس بات کی تصدیق تصور ہوگی کہ ممبر نے تمام شرائط و ضوابط پڑھ کر سمجھ لیے ہیں اور انہیں قبول کرتا/کرتی ہے۔

---

## 16۔ حلفیہ اقرار و ممبر کی رضامندی

میں حلفاً اقرار کرتا/کرتی ہوں کہ میں نے آسان عمرہ تحریک 313 کی تمام شرائط و ضوابط مکمل طور پر پڑھ لیے ہیں اور انہیں اچھی طرح سمجھ لیا ہے۔

مجھے ماہانہ 6,600 روپے کی قسط، ہر ماہ کی 10 تاریخ تک ادائیگی، قرعہ اندازی، قرعہ میں نام نکلنے کی صورت میں عمرہ کرنا، عمرہ کرنے کے بعد باقی اقساط جاری رکھنا، متبادل ممبر کی شرط، پیکیج میں شامل و غیر شامل سہولیات، پیکیج کی قیمت میں ممکنہ اضافے اور دیگر تمام شرائط کے بارے میں مکمل طور پر آگاہ کر دیا گیا ہے۔

میں اپنی رضامندی سے آسان عمرہ تحریک 313 میں شامل ہو رہا/رہی ہوں اور مذکورہ تمام شرائط و ضوابط کو قبول کرتا/کرتی ہوں۔

میں اس پروگرام کی تمام شرائط کی پابندی کرنے اور مقررہ وقت پر اپنی ماہانہ اقساط جمع کروانے کا پابند ہوں۔

## ممبر کی معلومات اور دستخط

ممبر کا نام ______________________ :والد کا نام ______________________ :

CNIC نمبر ______________________ :موبائل نمبر ______________________ :

ممبر کے دستخط ______________________ :تاریخ ________ / _____ / _____ :

## نامزد رابطہ افراد کی معلومات

ممبر کی سہولت اور پروگرام سے متعلق ضروری رابطے کو برقرار رکھنے کے لیے ممبر درج ذیل دو افراد کو اپنے نامزد رابطہ افراد مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔

### پہلا نامزد رابطہ فرد

نام ______________________ :والد کا نام ______________________ :

CNIC نمبر ______________________ :موبائل نمبر ______________________ :

مکمل پتہ ______________________ :ممبر سے رشتہ ______________________ :

دوسرا نامزد رابطہ فرد

نام_______________________ :والد کا نام___________________________ :

CNICنمبر____________________ :موبائل نمبر _ ___________________________ :

مکمل پتہ______________________ : ممبر سے رشتہ___________________________ :

## ممبر کی رضامندی اور نامزدگی

میں اپنی رضامندی سے مذکورہ بالا افراد کو اپنے نامزد رابطہ افراد مقرر کرتا/کرتی ہوں۔

اگر کسی وجہ سے مجھ سے براہِ راست رابطہ ممکن نہ ہو تو آسان عمرہ تحریک 313 کی انتظامیہ مذکورہ نامزد افراد سے میرے پروگرام اور رکنیت سے متعلق ضروری معاملات کے لیے رابطہ کر سکتی ہے۔
خدانخواستہ تین سالہ پروگرام کے دوران اگر میرے ساتھ کوئی ایسا ناگزیر واقعہ پیش آجائے جس کے باعث میں اپنے پروگرام سے متعلق معاملات خود انجام دینے کے قابل نہ رہوں، تو میری جانب سے نامزد کردہ فرد کو میرے پروگرام سے متعلق ضروری معاملات میں میری نمائندگی کرنے کی اجازت ہوگی، بشرطیکہ یہ ادارے کے قواعد و ضوابط اور قابلِ اطلاق قوانین کے مطابق ہو۔
میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ اوپر درج تمام معلومات درست ہیں اور میں نے نامزد افراد کو اپنی رضامندی سے درج کیا ہے۔
ممبر کے دستخط______________________ تاریخ________ / _____ / _____

نامزد افراد کی تصدیق

پہلے نامزد فرد کے دستخط: _______________ دوسرے نامزد فرد کے دستخط: ____________________

## آپ کا شکریہ!

ہم البراق عمرہ ٹریولز کی جانب سے آپ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں کہ آپ نے آسان عمرہ تحریک 313 پر اعتماد کرتے ہوئے اس بابرکت سفر کا حصہ بننے کا فیصلہ کیا۔

ہماری کوشش ہے کہ اس پروگرام کے ذریعے زیادہ سے زیادہ افراد کے لیے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کا ایک آسان، منظم اور بااعتماد ذریعہ فراہم کیا جا سکے۔

آپ کا اعتماد ہمارے لیے باعثِ عزت ہے۔ ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس نیک ارادے کو قبول فرمائے، آپ کے لیے آسانیاں پیدا فرمائے اور آپ کو اپنے گھر کی بابرکت حاضری نصیب فرمائے۔

جزاکم اللہ خیراً

البراق عمرہ ٹریولز
آسان عمرہ تحریک 313

منیجر: فضل الرحیم
پتہ: گل آباد، دیر لوئر، نزد بائی پاس چوک

"آپ کا اعتماد، ہماری ذمہ داری"